CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 06 NOV 2024 Page No. 1

## وسائل اور ضروریات میں توازن رکھنا مشکل کام ہے، گورنر مندوخیل

**بلوچستان میں سرمایہ کاروں کو راغب کرنا ہماری ذمہ داری ہے، شعیب نوشیروانی سے گفتگو**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ ہمارے وسائل محدود مگر مسائل بہت بڑے ہیں محدود وسائل بڑھتے ہوئے مطالبات اور ضروریات کے درمیان توازن قائم رکھنا انتہائی مشکل کام ہے لیکن موثر مالیاتی انتظام کے ساتھ، ہم ان درپیش چیلنجز پر آسانی قابو پا سکتے ہیں اپنے دستیاب وسائل کو متحرک کرنے، تعمیر و ترقی کے نئے امکانات پیدا کرنے اور معاشی نظام کو ترقی و خوشحالی کی جانب بڑھانے کیلئے آگے کی سوچ رکھنے والے معاشی وژن کی اشد ضرورت ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی سے گورنر ہاؤس میں گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر پارلیمانی سیکرٹری محمد خان لہڑی اور پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر ہاشم خان غلزئی بھی موجود تھے گورنر نے کہا کہ ہمیں وسائل کو بڑھانے، آمدن کے نئے جدید ذرائع پیدا کرنے اور غیر ضروری اخراجات میں کمی لانے کیلئے ایک جامع حکمت عملی بنانی ہوگی پاکستان کا مستقبل بلوچستان ہی سے وابستہ ہے یہاں معدنیات، سیاحت، زراعت اور لائیو سٹاک سیکٹرز میں سرمایہ کاری کے منافع بخش مواقع دستیاب ہیں قومی اور بین الاقوامی سرمایہ کاروں کو بلوچستان میں سرمایہ کاری کی جانب راغب کرنا بھی ہماری ذمہ داری ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## موثر مالیاتی انتظام کے ذریعے درپیش چیلنجز پر آسانی سے قابو پا سکتے ہیں، جعفر خان مندوخیل

**آمدن کے نئے جدید ذرائع پیدا کرنے اور غیر ضروری اخراجات میں کمی لانے کیلئے ایک جامع حکمت عملی بنانی ہوگی**

**محدود وسائل اور بڑھتے ہوئے مطالبات اور ضروریات کے درمیان توازن قائم رکھنا انتہائی مشکل کام ہے، گورنر**

**ملک کا مستقبل بلوچستان سے وابستہ، معدنیات، زراعت اور لائیو سٹاک میں منافع بخش سرمایہ کاری کے مواقع دستیاب ہیں**

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ہمارے وسائل محدود مگر مسائل بہت بڑے ہیں۔ سردست محدود وسائل اور بڑھتے ہوئے مطالبات اور ضروریات کے درمیان توازن قائم رکھنا انتہائی مشکل کام ہے لیکن موثر مالیاتی انتظام کے ساتھ ......

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

ہم ان درپیش چیلنجز پر آسانی قابو پا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اپنے دستیاب وسائل کو متحرک کرنے، تعمیر و ترقی کے نئے امکانات پیدا کرنے اور پورے معاشی نظام کو ترقی و خوشحالی کی جانب بڑھانے کیلئے آگے کی سوچ رکھنے والے معاشی وژن کی اشد ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان مسلم لیگ ن کے صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی سے گورنر ہاؤس میں ملاقات کے دوران کیا۔ ملاقات کے دوران پارلیمانی سیکرٹری محمد خان لہڑی اور پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان ہاشم خان غلزئی بھی موجود تھے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1

Dated: 06 NOV 2024

Page No. 2

*Forward-thinking economic vision*

# Effective financial management key to tackle huge challenges: Mandukhel

Staff Report

QUETTA: Governor Balochistan Jafar Khan Mandukhel emphasized the need for effective financial management to overcome the enormous challenges facing the largest province of the country because it was a herculean task to tackle with these problems with such limited resources.

He stressed that striking a balance between these two requires a forward-thinking economic vision, one that leverages available resources to create new opportunities for growth and development.

He expressed these views during a meeting with Pakistan Muslim League-N Provincial Minister for Finance and Minerals Mir Shoaib Naushirwani at Governor House. Parliamentary Secretary Muhammad Khan Lahri and Principal Secretary to Governor Balochistan Hashim Khan Ghalzai were also present during the meeting.

To achieve this vision, Mandukhel proposed a comprehensive strategy to boost resources, create modern sources of income, and reduce unnecessary expenses. He also urged the public to pay taxes regularly, highlighting that tax revenue funds infrastructure, development projects, and social welfare programs.

The governor further underscored the significance of Balochistan's future in relation to Pakistan's overall progress. He pointed out lucrative investment opportunities in sectors such as mining, which the province had in abundance but just needed to tap them.

Similarly, he said that tourism was another sector that could generate good revenue for the province if the unexplored natural beauty and cultural heritage were explored.

Likewise, he stated that agriculture and livestock were the important sectors due to fertile land and favorable climate as well as vast potential for growth and development.

Mandukhel emphasized the importance of attracting national and international investors to Balochistan, recognizing the province's potential for economic growth and prosperity. By adopting a proactive approach to resource management and investment, Balochistan can overcome its challenges and contribute significantly to Pakistan's development.

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

جلد 53 — بدھ 3 جمادی الاوّل 1446ھ 6 نومبر 2024ء — نمبر 305 — قیمت 30 روپے

# عوامی مسائل کے حل کیلئے محکموں کو فعال کرنا ہوگا، وزیراعلیٰ بگٹی

## سروس ڈیلیوری کے نظام میں بہتری ناگزیر

### افسران پوری تندہی اور پختہ عزم سے گورننس کی بہتری کیلئے اپنا کردار ادا کریں، گفتگو، عبدالصبور کاکڑ اور دوستین جمالدینی کو حسن کارکردگی سرٹیفکیٹ دیا

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ گڈ گورننس کے قیام کے لئے اچھے افسران کی رہنمائی میں موثر میکنزم پر عمل درآمد ممکن ہے، بااصول اور جرأت مند افسران صوبے کا سرمایہ افتخار ہیں عزم کر چکے ہیں کہ اچھے افسران کی تعیناتی کے دورانیہ کو تحفظ دیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو حکومت بلوچستان کے سینئر صوبائی افسران عبدالصبور کاکڑ اور دوستین خان جمالدینی کو بہترین انتظامی خدمات کی انجام دہی پر حسن کارکردگی سرٹیفکیٹ کی عطائیگی کے موقع پر کیا اس موقع پر پرنسپل سیکرٹری ٹو چیف منسٹر عمران زرکون، ایڈیشنل سیکرٹری چیف منسٹر سیکرٹریٹ محمد فریدون بھی موجود تھے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو درپیش مسائل حل کرنے کے لئے ہمیں محکموں کو فعال کرنا ہوگا اور سروس ڈیلیوری کے نظام میں بہتری لانا ہوگی تاہم یہ اسوقت ہی ممکن ہے جب افسران پوری تندہی اور پختہ عزم سے گورننس کی بہتری کیلئے اپنا کردار ادا کریں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سول سروس اختیار کرنے والے نوجوان افسران کو عبدالصبور کاکڑ اور دوستین خان جمالدینی جیسے افسران کی پیروی کرنی چاہیے ان جیسے اصولی موقف رکھنے والے افسران صوبے کا سرمایہ افتخار ہیں باصلاحیت اور دیانت دار افسران کو سراہتے ہیں اور صوبائی حکومت ان کی خدمات سے بہتر استفادہ کرتی رہے گی۔



کوئٹہ: وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے صوبائی سیکرٹریز عبدالصبور کاکڑ اور دوستین جمالدینی ملاقات کر رہے ہیں



کوئٹہ: وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے اصغر ترین اور وڈیرہ شیر باز مری ملاقات کر رہے ہیں

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 4

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

| | | | |
|---|---|---|---|
| جلد 53 | بدھ 03 جمادی الاول 1446ھ 06 نومبر 2024ء صفحات 08 | | شمارہ 129 |
| رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے |

# عوامی مسائل حل کرنے کیلئے محکموں کو فعال، سروس ڈیلیوری کے نظام میں بہتری لانی ہوگی، وزیر اعلیٰ

**گڈ گورننس کے قیام کے لئے اچھے افسران کی رہنمائی میں موثر میکنزم پر عمل درآمد ممکن ہے، بااصول اور جرات مند افسران صوبے کا سرمایہ افتخار ہیں ایسے افسران کی تعیناتی کے دورانیہ کو تحفظ دیں گے**

**سول سروس اختیار کرنے والے نوجوان افسران کو عبدالصبور کاکڑ اور دوستین خان جمالدینی جیسے افسران کی پیروی کرنی چاہیے، صوبائی حکومت ان کی خدمات سے بہتر استفادہ کرتی رہے گی، میر سرفراز بگٹی**

**وزیر اعلیٰ نے حکومت بلوچستان کے سینئر صوبائی افسران عبدالصبور کاکڑ اور دوستین خان جمالدینی کو بہترین انتظامی خدمات کی انجام دہی پر حسن کارکردگی سرٹیفکیٹ دیئے، تقریب میں اعلیٰ حکام کی شرکت**



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے سینئر افسران عبدالصبور کاکڑ اور دوستین خان جمالدینی ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ گڈ گورننس کے قیام کے لئے اچھے افسران کی رہنمائی میں موثر میکنزم پر عمل درآمد ممکن ہے، بااصول اور جرت مند افسران صوبے کا سرمایہ افتخار ہیں عزم کر چکے ہیں کہ اچھے افسران کی تعیناتی کے دورانیہ کو تحفظ دیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل......... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

کو حکومت بلوچستان کے سینئر صوبائی افسران عبدالصبور کاکڑ اور دوستین خان جمالدینی کو بہترین انتظامی خدمات کی انجام دہی پر حسن کارکردگی سرٹیفکیٹ کی عطائیگی کے موقع پر کیا اس موقع پر پرنسپل سیکرٹری ٹو چیف منسٹر عمران زرکون، ایڈیشنل سیکرٹری چیف منسٹر سیکرٹریٹ محمد فریدون بھی موجود تھے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو درپیش مسائل حل کرنے کے لئے ہمیں محکموں کو فعال کرنا ہوگا اور سروس ڈلیوری کے نظام میں بہتری لانی ہوگی تاہم یہ اسوقت ہی ممکن ہے جب افسران پوری تندہی اور پختہ عزم سے گورننس کی بہتری کیلئے اپنا کردار ادا کریں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سول سروس اختیار کرنے والے نوجوان افسران کو عبدالصبور کاکڑ اور دوستین خان جمالدینی جیسے افسران کی پیروی کرنی چاہیے ان جیسے اصولی موقف رکھنے والے افسران صوبے کا سرمایہ افتخار ہیں باصلاحیت اور دیانت دار افسران کو سراہتے ہیں اور صوبائی حکومت ان کی خدمات سے بہتر استفادہ کرتی رہے گی



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رکن صوبائی اسمبلی اصغر خان ترین اور وڈیرہ شیرباز مری ملاقات کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

ی اعلیٰ تعلقات عامہ
کومت بلوچستان

Bullet No. ۱

Page


روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 22 شمارہ 324 | بدھ، 3 جمادی الاول، 6 نومبر 2024ء، صفحات 8 قیمت 40 روپے


# اچھے افسران کی رہنمائی میں موثر میکنزم پر عملدرآمد ممکن ہے: وزیراعلیٰ

## عبدالصبور کاکڑ اور دوستین جمالدینی کی کارکردگی قابل تعریف ہے، ایسے افسر صوبے کا سرمایہ افتخار ہیں، سرفراز بگٹی

## محکموں کو فعال اور سروس ڈیلیوری کے نظام میں بہتری لانی ہوگی، افسران کو حسن کارکردگی سرٹیفکیٹ دینے کے موقع پر خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ گڈ گورننس کے قیام کے لئے اچھے افسران کی رہنمائی میں موثر میکنزم پر عمل درآمد ممکن ہے، بااصول اور جرات مند افسران صوبے کا سرمایہ افتخار ہیں عزم کر چکے ہیں کہ اچھے افسران کی تعیناتی کے دورانیہ کو تحفظ دیں گے۔ (باقی صفحہ 5 نمبر 19)

ان خیالات کا اظہار انہوں نے حکومت بلوچستان کے سینئر صوبائی افسران عبدالصبور کاکڑ اور دوستین خان جمالدینی کو بہترین انتظامی خدمات کی انجام دہی پر حسن کارکردگی سرٹیفکیٹ کی عطائیگی کے موقع پر کیا اس موقع پر پرنسپل سیکرٹری ٹو چیف منسٹر عمران زرکون، ایڈیشنل سیکرٹری چیف منسٹر سیکرٹریٹ محمد فریدون بھی موجود تھے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو درپیش مسائل حل کرنے کے لئے ہمیں محکموں کو فعال اور سروس ڈیلیوری کے نظام میں بہتری لانی ہوگی تاہم یہ اسوقت ہی ممکن ہے جب افسران پوری تندہی اور پختہ عزم سے گورننس کی بہتری کیلئے اپنا کردار ادا کریں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سول سروس اختیار کرنے والے نوجوان افسران کو عبدالصبور کاکڑ اور دوستین خان جمالدینی جیسے افسران کی پیروی کرنی چاہیے ان جیسے اصولی موقف رکھنے والے افسران صوبے کا سرمایہ افتخار ہیں باصلاحیت اور دیانت دار افسران کو سراہتے ہیں اور صوبائی حکومت ان کی خدمات سے بہتر استفادہ کرتی رہے گی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 6

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر۔23 | بدھ 06 نومبر 2024ء بمطابق 03 جمادی الاول 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر۔303


# گڈ گورننس کے قیام کے لئے اچھے افسران کی رہنمائی میں موثر میکنزم پر عمل درآمد ممکن ہے

## بااصول اور جرت مند افسران صوبے کا سرمایہ افتخار ہیں عزم کر چکے ہیں کہ اچھے افسران کی تعیناتی کے دورانیہ کو تحفظ دیں گے


## بلوچستان کے عوام کو درپیش مسائل حل کرنے کے لئے ہمیں محکموں کو فعال کرنا ہوگا اور سروس ڈیلیوری کے نظام میں بہتری لانی ہوگی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ گڈ گورننس کے قیام کے لئے اچھے افسران کی رہنمائی میں موثر میکنزم پر عمل درآمد ممکن ہے، بااصول اور جرت مند افسران صوبے کا سرمایہ افتخار ہیں عزم کر چکے ہیں کہ اچھے افسران کی تعیناتی کے دورانیہ کو تحفظ (بقیہ نمبر 10 صفحہ نمبر 2 پر)

دیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو حکومت بلوچستان کے سینئر صوبائی افسران عبدالصبور کاکڑ اور دوستین خان جمالدینی کو بہترین انتظامی خدمات کی انجام دہی پر حسن کارکردگی سرٹیفکیٹ کی حوالگی کے موقع پر کیا اس موقع پر پرنسپل سیکرٹری ٹو چیف منسٹر عمران زرکون، ایڈیشنل سیکرٹری چیف منسٹر سیکرٹریٹ محمد فریدون بھی موجود تھے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو درپیش مسائل حل کرنے کے لئے ہمیں محکموں کو فعال کرنا ہوگا اور سروس ڈیلیوری کے نظام میں بہتری لانی ہوگی تاہم یہ اسوقت ہی ممکن ہے جب افسران پوری تندہی اور پختہ عزم سے گورننس کی بہتری کیلئے اپنا کردار ادا کریں وزیراعلیٰ نے کہا کہ سول سروس اختیار کرنے والے نوجوان افسران کو عبدالصبور کاکڑ اور دوستین خان جمالدینی جیسے افسران کی پیروی کرنی چاہیے ان جیسے اصولی موقف رکھنے والے افسران صوبے کا سرمایہ افتخار ہیں باصلاحیت اور دیانت دار افسران کو سراہتے ہیں اور صوبائی حکومت ان کی خدمات سے بہتر استفادہ کرتی رہے گی۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے سینئر صوبائی افسران عبدالصبور کاکڑ، دوستین جمالدینی ملاقات کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان ملاقات کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 8


Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر

| شمارہ 265 | MEMBER OF APNS<br>رجسٹرڈ سی پی ایل-10 | قیمت 10 روپے | FaX:2839867<br>1446ھ | 3 جمادی الاول | Ph :2839851<br>بدھ 6 نومبر 2024ء | جلد 27 |
|---|---|---|---|---|---|---|


# محکموں کو فعال، سروس ڈیلیوری نظام میں بہتری لانی ہوگی

**سرفراز بگٹی**

بااصول اور جرأت مند افسران صوبے کا سرمایہ افتخار، تعیناتی کے دورانیہ کو تحفظ دیں گے، عبدالصبور کاکڑ اور دوستین خان جمالدینی کو حسن کارکردگی سرٹیفکیٹ کی عطائیگی

**سول سروس اختیار کرنے والے نوجوان افسران کو عبدالصبور کاکڑ اور دوستین خان جمالدینی جیسے افسران کی پیروی کرنی چاہیے**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ گڈ گورننس کے قیام کے لئے اچھے افسران کی رہنمائی میں موثر میکنزم پر عمل درآمد ممکن ہے، بااصول اور جرت مند افسران صوبے کا سرمایہ افتخار ہیں عزم کر چکے ہیں کہ اچھے افسران کی تعیناتی کے دورانیہ کو تحفظ دیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو حکومت بلوچستان کے سینیئر صوبائی افسران عبدالصبور کاکڑ اور دوستین خان جمالدینی کو بہترین انتظامی خدمات کی انجام دہی پر حسن کارکردگی سرٹیفکیٹ کی عطائیگی کے موقع پر کیا اس موقع پر پرنسپل سیکرٹری ٹو چیف منسٹر عمران زرکون، ایڈیشنل سیکرٹری چیف منسٹر سیکرٹریٹ محمد فریدون بھی موجود تھے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو درپیش مسائل حل کرنے کے لئے ہمیں محکموں کو فعال کرنا ہوگا اور سروس ڈیلیوری کے نظام میں بہتری لانی ہوگی تاہم یہ اسوقت ہی ممکن ہے جب افسران پوری تندہی اور پختہ عزم سے گورننس کی بہتری کیلئے اپنا کردار ادا کریں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سول سروس اختیار کرنے والے نوجوان افسران کو عبدالصبور کاکڑ اور دوستین خان جمالدینی جیسے افسران کی پیروی کرنی چاہیے ان جیسے اصولی موقف رکھنے والے افسران صوبے کا سرمایہ افتخار ہیں باصلاحیت اور دیانت دار افسران کو سراہتے ہیں اور صوبائی حکومت ان کی خدمات سے بہتر استفادہ کرتی رہے گی



کوئٹہ: وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سینئر آفیسران عبدالصبور کاکڑ اور دوستین جمالدینی کو بہترین خدمات پر حسن کارکردگی سرٹیفکیٹ دے رہے ہیں

CamScanner

Daily Qudrat Quetta

قدرت کوئٹہ

صفحات 8 قیمت 15 روپے

چیف ایڈیٹر نعمت اللہ

جلد 20 جمعہ 06 نومبر 2024ء، 03 جمادی الاول 1446ھ شمارہ 210



# گڈ گورننس کے قیام کیلئے اچھے افسران کی رہنمائی ضروری ہے، وزیر اعلیٰ بگٹی

**بااصول اور جرت مند افسران صوبے کا سرمایہ افتخار ہیں عزم کر چکے ہیں کہ اچھے افسران کی تعیناتی کے دورانیہ کو تحفظ دیں گے**

**سول سروس اختیار کرنے والے نوجوان افسران کو عبدالصبور کاکڑ اور دوستین خان جمالدینی جیسے افسران کی پیروی کرنی چاہیے**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ گڈ گورننس کے قیام کے لئے اچھے افسران کی رہنمائی میں موثر میکنزم پر عمل درآمد ممکن ہے، بااصول اور جرت مند افسران صوبے کا سرمایہ افتخار ہیں عزم کر چکے ہیں کہ اچھے افسران کی تعیناتی کے دورانیہ کو تحفظ دیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو حکومت بلوچستان کے سینئر صوبائی افسران عبدالصبور کاکڑ اور دوستین خان جمالدینی کو بہترین انتظامی خدمات کی انجام دہی پر حسن کارکردگی سرٹیفکیٹ کی عطائیگی کے موقع پر کیا اس موقع پر پرنسپل سیکرٹری ٹو چیف منسٹر عمران زرکون، ایڈیشنل سیکرٹری چیف منسٹر سیکرٹریٹ محمد فریدون بھی موجود تھے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو درپیش مسائل حل کرنے کے لئے ہمیں محکموں کو فعال کرنا ہوگا اور سروس ڈلیوری کے نظام میں بہتری لانی ہوگی تاہم یہ اسوقت ہی ممکن ہے جب افسران پوری تندہی اور پختہ عزم سے گورننس کی بہتری کیلئے اپنا کردار ادا کریں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سول سروس اختیار کرنے والے نوجوان افسران کو عبدالصبور کاکڑ اور دوستین خان جمالدینی جیسے افسران کی پیروی کرنی چاہیے ان جیسے اصولی موقف رکھنے والے افسران صوبے کا سرمایہ افتخار ہیں باصلاحیت اور دیانت دار افسران کو سراہتے ہیں اور صوبائی حکومت ان کی خدمات سے بہتر استفادہ کرتی رہے گی۔

بقیہ 9 صفحہ 6 پر



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے افسران عبدالصبور کاکڑ اور دوستین خان جمالدینی ملاقات کر رہے ہیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Balochistan Tim

Founded by Syed Fase

92 NEWS MEDIA GROUP

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 909 QUETTA Wednesday November 06, 2024 /Jumada Al-Awwal 0

# CM for enhancing service delivery to solve provincial problems

**Staff Report**

QUETTA: Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti emphasized the crucial role of diligent officers in establishing good governance in the province. He believed that with the guidance of principled officers, an effective mechanism can be implemented to address the challenges faced by the people of Balochistan.

Bugti expressed these views while awarding certificates of excellence to senior provincial officers Abdul Saboor Kakar and Dostin Khan Jamaldini for their exceptional administrative services. Additional Secretary, Chief Minister Secretariat Muhammad Faridoon was also present. He stressed the importance of activating departments and enhancing the service delivery system to solve provincial problems.

The Chief Minister encouraged young civil servants to emulate the dedication and integrity of officers like Kakar and Jamaldini. He also assured that the provincial government would continue to recognize and utilize the talents of honest and capable officers.

By recognizing the value of diligent officers and promoting a culture of excellence, Bugti aimed to bring positive change to Balochistan's governance.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1

Dated: 06 NOV 2024 Page No. 10



**QUETTA:** Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti talking to senior provincial officers Abdul Saboor Kakar and Dostin Khan Jamaldini, wh call on him on him on Tuesday.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 06 NOV 2024 Page No. 2

## ترقیاتی منصوبوں کی مقررہ مدت میں تکمیل یقینی بنائی جائے، چیف سیکرٹری

**شکیل قادر خان کی زیر صدارت اجلاس، ورلڈ بینک کے تعاون سے جاری منصوبوں کا جائزہ لیا گیا**

کوئٹہ (ج ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت صوبے میں ورلڈ بینک کے تعاون سے جاری ترقیاتی منصوبوں کے سلسلے میں ایک اہم اجلاس ہوا جس میں منصوبوں میں پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے چیف سیکرٹری نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی مقررہ مدت میں تکمیل کو ہرصورت یقینی بنایا جائے۔ کیونکہ بلوچستان ایک وسیع صوبہ ہے اور یہاں کے لوگوں کی معاشی اور سماجی زندگی کو بہتر بنانے کے لیے بہترین منصوبوں کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری ترجیحات موسمیاتی تبدیلی، انسانی وسائل کی ترقی، تعلیم اور پیشہ ورانہ تربیت، روزگار، پانی، زراعت اور توانائی کی ترقی ہیں۔ ان منصوبوں میں بلوچستان انٹیگریٹڈ واٹر ریسورسز مینجمنٹ اینڈ ڈویلپمنٹ پروجیکٹ (BIWRMDP)، بلوچستان ہیومن کیپیٹل انویسٹمنٹ پروجیکٹ، بلوچستان لائیولی ہوڈز اینڈ انٹرپرینیورشپ پروجیکٹ شامل ہیں۔ یہ منصوبے حکومت بلوچستان متعلقہ محکموں کے ذریعے اور مختلف کنسلٹنٹس کے تعاون سے کام کررہی ہے۔



کوئٹہ: چیف سیکرٹری شکیل قادر خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA

## بلوچستان وسیع رقبے پر مشتمل، یہاں بہترین منصوبوں کی ضرورت ہے، چیف سیکرٹری

**ہماری ترجیحات میں موسمیاتی تبدیلی، انسانی وسائل کی ترقی، تعلیم اور پیشہ ورانہ تربیت، روزگار، پانی، زراعت اور توانائی شامل ہیں: شکیل قادر خان**

**ان منصوبوں پر حکومت متعلقہ محکموں اور کنسلٹنٹس کے تعاون سے کام کر رہی ہے، زیر صدارت اجلاس سے خطاب، ورلڈ بینک کے نمائندے بھی شریک**

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت صوبے میں ورلڈ بینک کے تعاون سے جاری ترقیاتی منصوبوں کے سلسلے میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں منصوبوں میں پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے چیف سیکرٹری نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی مقررہ مدت میں تکمیل کو ہرصورت یقینی بنایا جائے کیونکہ بلوچستان ایک وسیع صوبہ ہے اور یہاں .........

بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

کہ لوگوں کی معاشی اور سماجی زندگی کو بہتر بنانے کے لیے بہترین منصوبوں کی ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ ہماری ترجیحات میں موسمیاتی تبدیلی، انسانی وسائل کی ترقی، تعلیم اور پیشہ ورانہ تربیت، روزگار، پانی، زراعت اور توانائی کی ترقی شامل ہیں ان منصوبوں میں بلوچستان انٹیگریٹڈ واٹر ریسورسز مینجمنٹ اینڈ ڈویلپمنٹ پروجیکٹ (BIWRMDP)، بلوچستان ہیومن کیپیٹل انویسٹمنٹ پروجیکٹ، بلوچستان لائیولی ہوڈز اینڈ انٹرپرینیورشپ پروجیکٹ شامل ہیں۔ ان منصوبوں پر حکومت بلوچستان متعلقہ محکموں کے ذریعے اور مختلف کنسلٹنٹس کے تعاون سے کام کر رہی ہے پراجیکٹس کا مقصد زرعی شعبے، مختلف اضلاع میں صحت اور تعلیم کی معیاری خدمات کے استعمال کو بہتر بنانا، انٹرپرائز کی ترقی اور ذریعہ معاش کو فروغ دینا، مقامی کاروباری افراد اور کاروباری ترقی کی حمایت ہیں



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



چیف سیکرٹری شکیل قادر خان ورلڈ بینک پروجیکٹس کے سلسلے میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 06 NOV 2024

Page No. 15


# وفاق بلوچستان میں قیام امن کیلئے بھرپور مدد فراہم کریگا، ایاز صادق

**بلوچستان اور کے پی میں خوارج سے جنگ لڑ رہے ہیں، ملک کو خطرات سے دوچار کرنیوالوں کو پنپنے نہیں دینگے**

**خوف و ہراس کا خاتمہ کیا جائیگا عوام سمیت ہر طبقے کے بنیادی حقوق کا تحفظ یقینی بنانے کیلئے اقدامات کرینگے**

**سردار یعقوب خان ناصر، جمال شاہ کاکڑ اور میاں خان بگٹی کی ملاقات، کانکنی شعبے کو درپیش مسائل پر بات چیت**

اسلام آباد / لورالائی (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے ارکان قومی اسمبلی سردار یعقوب خان ناصر، جمال شاہ کاکڑ اور میاں خان بگٹی نے اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے انکے چیمبر میں دکی جمائنگ میں پیدا شدہ بدامنی کے مسئلے پر ملاقات کی انہوں نے اسپیکر...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

کو دکی جمائنگ کول مائنز ایریا میں بدامنی اور لاقانونیت کے خاتمے کیلئے کردار ادا کرنے کی اپیل کرتے ہوئے بتایا کہ اب تک پچاس سے زائد لیبرز دہشت گردی کا شکار ہوئے اور اس وقت ضلع سے تمام لیبرز چلے گئے ہیں جس سے کانکنی کا شعبہ تباہی سے دوچار ہے اور ضلع میں بے روزگاری سے کانکنی کے شعبے سے وابستہ افراد کو کروڑوں روپے کے نقصان کا سامنا ہے انہوں نے اسپیکر سے کہا کہ وہ اس مسئلہ کے پائیدار حل نکالنے کی کوشش اور اسے ایوان میں زیر بحث لائیں اس موقع پر سردار ایاز صادق نے انکیں اپنے جانب سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی کہ وفاق بلوچستان کو خصوصی اہمیت دیتی ہے دکی میں امن کے مکمل قیام کیلئے وفاق سے بھرپور مدد لی جائیگی عوام میں خوف و ہراس کا خاتمہ کیا جائیگا۔

# پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے ذریعے عوام کو سہولیات میسر آئینگی، شاہد رند، حمزہ شفقات

**شفاف کوئٹہ منصوبے، شہر میں میٹروپولیٹن کی جائیدادوں سمیت دیگر امور کو لیکر مافیا بے بنیاد پروپیگنڈہ کر رہی ہے، ترجمان حکومت**

**31 دسمبر تک زون ون میں مکمل طور پر پرائیویٹائز صفائی کا نظام نافذ کر دیا جائے گا، ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ کے ہمراہ پریس کانفرنس**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند، کمشنر و ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ حمزہ شفقات اور پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی کے سربراہ ڈاکٹر فیصل...... بقیہ 30 صفحہ نمبر

بقیہ 30 صفحہ نمبر

کاکڑ نے کہا ہے کہ صاف کوئٹہ منصوبے، شہر میں میٹروپولیٹن کی جائیدادوں سمیت دیگر امور کو لیکر مافیا کے ایجنٹ چند پیسے اور مفادات کی خاطر سوشل میڈیا پر بے بنیاد پروپیگنڈہ کر رہے ہیں اگر ایک ارب روپے مالیت کی جائیداد کا کرایہ صرف 6 ہزار روپے ہو تو کیا کوئٹہ کے شہری نہیں چاہتے کہ انکی ملکیت جائیداد کا کرایہ مارکیٹ ریٹ کے مطابق طے کیا جائے 31 دسمبر تک زون ون میں مکمل طور پر پرائیویٹائز صفائی کا نظام نافذ کر دیا جائے گا۔ یہ بات انہوں نے منگل کو کوئٹہ پریس کلب میں مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند نے کہا کہ وزیراعلیٰ کی ہدایت پر 5 لاکھ ٹن کچرہ کوئٹہ سے اٹھایا جاچکا ہے موجودہ حکومت نے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت منصوبوں پر کام شروع کیا آنے والے دنوں میں آئی ٹی پارک کوئٹہ، مرکزی روڈ پارکنگ پلازہ، تفتان میں ایل پی جی ٹرمینل، چمن ماسٹر پلان کو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت چلایا جائے گا صوبائی حکومت چاہتی ہے کہ وہ کاروبار کرنے کی بجائے پرائیویٹ سیکٹر کے ساتھ ملکر زیادہ سے زیادہ منافع حاصل کرے۔

# ایف سی بلوچستان (نارتھ) کی جانب سے بلوچستان کے مختلف علاقوں میں میگا سپورٹس ایونٹس کا انعقاد

**چمن میں ہونے والے آل پاکستان فٹبال ٹورنامنٹ میں کل 12 ٹیموں نے حصہ لیا اور 20000 سے زائد مقامی افراد فائنل میچ سے لطف اندوز ہوئے**

**ایف سی کی جانب سے کھیلوں کا انعقاد کیا ہے جس میں بلوچستان کے نوجوانوں میں مثبت سرگرمیوں کو فروغ مل رہا ہے، علاقہ عمائدین اور مقامی افراد کا اظہار مسرت**

کوئٹہ (اے پی پی) فرنٹیئر کور بلوچستان نارتھ کی جانب سے بلوچستان کے مختلف علاقوں میں میگا سپورٹس ایونٹس کا انعقاد کیا گیا جو کہ دوران کرکٹ، فٹبال اور دیگر کھیلوں کے چندہ ٹورنامنٹس کا انعقاد کیا گیا۔ یہ ٹورنامنٹس چمن، لورالائی، ژوب، پشین، سوئی، کوہلو، بارکھان، بی قمر دین کاریز اور بیج کوہ کے علاقوں میں منعقد کیے گئے۔ دوران اثنا ضلع چمن میں ہونے والے آل پاکستان فٹبال ٹورنامنٹ میں کل 12 ٹیموں نے حصہ لیا اور 20000 سے زائد مقامی افراد فائنل میچ سے لطف اندوز ہوئے۔ ضلع بارکھان میں منعقد کیے جانے والے کرکٹ ٹورنامنٹ میں کل 14 مقامی ٹیموں نے حصہ لیا۔ اس موقع پر شائقین نے کہا کہ ایف سی کی جانب سے کھیلوں کا انعقاد کیا ہے جس میں بلوچستان کے نوجوانوں میں مثبت سرگرمیوں کو فروغ مل رہا ہے۔ علاقہ عمائدین اور مقامی افراد نے سپورٹس ایونٹس کے انعقاد پر ایف سی بلوچستان (نارتھ) کی کاوشوں کو سراہا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No 3 Dated 06 NOV 2024 Page No. 16

## نیشنل پارٹی کا کسانوں کیساتھ اظہار یکجہتی، 10 نومبر کو احتجاج کی حمایت کا اعلان

### ملک بھر میں چاول کی فصل تیار ہے، حکومت نے کسان دشمنی میں سابق ریکارڈ توڑ دیے، [illegible]

کوئٹہ (پ ر) نیشنل پارٹی کے مرکزی [illegible] سیکرٹری [illegible] [illegible]

[illegible]

[illegible] 10 نومبر کو ضلع صحبت پور میں نیشنل پارٹی کا کسانوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہوئے چاول کی قیمتوں میں کمی کے خلاف بھرپور عوامی احتجاج کرنے کا اعلان کیا ہے۔

## بلوچستان میں فوجی آپریشن کی راہ ہموار کی جارہی ہے، ہدایت الرحمن بلوچ

### جعلی حکمرانوں کے ذریعے آئینی ترامیم جمہوریت اور سیاست کی توہین ہے، گوادر میں گفتگو

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ممبر صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں بڑھتی ہوئی بدامنی سے حکمران سیکورٹی ادارے غافل ہیں جس سے فوجی آپریشن کی راہ ہموار کی جارہی ہے، جعلی حکومت کے ذریعے ترامیم جمہوریت، جمہوری اداروں اور سیاست کی توہین ہے۔ ملک دیوالیہ، ادارے تباہ، بے روزگاری غربت، بدامنی بدامنی عروج پر ہے مگر جعلی حکمرانوں کو آرمی چیف کی ملازمت بڑھانے کی فکر ہے آئینی ترامیم بڑوں کے ذاتی اور پارٹی مفادات کیلئے کی جارہی ہیں آرمی چیف کی ملازمت میں توسیع سے قانونی مارشل لاء کی راہ ہموار ہوگی انہوں نے گوادر میں وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی ظلم وجبر لاقانونیت، مہنگائی بدامنی بدامنی کے خلاف ہر فورم پر آواز بلند کررہی ہے۔ فارم 47 جیسی سازشوں کی بدولت عوام وجمہوریت دشمن ترامیم ہورہی ہے مالک چوکیدار کا غلام بن گیا۔

## کوئٹہ میں سڑکوں کی سست تعمیر شہریوں کیلئے عذاب بن گئی، جمعیت ن

### گندگی کے ڈھیر اور نکاسی آب سے آمدورفت میں مشکلات کا سامنا ہے، قاری مہراللہ

کوئٹہ (پ ر) جمعیت نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہراللہ، جنرل سیکرٹری حاجی صاحب اللہ صافی، مولانا حافظ عبداللہ، مولوی رحمت اللہ حقانی، مولانا محمد ابراہیم آغا، ابراہیم شاہ حاجی، راحمد حاجی باور خان اچکزئی، حاجی محمد نور، الحاج، مولوی صالح محمد اور مولوی محمد صادق نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں سڑکوں کی تعمیر میں سست روی عذاب بن چکی ہے سڑکیں جوہڑ کے پانی میں اول اول تنگ گلیوں کے ڈھیر، نالوں کا گندہ پانی جگہ جگہ، کیچڑ اور گندگی سے شہری شدید اذیت ناک صورتحال کا شکار ہیں، رہنماؤں نے عوام کو مسائل سے نجات دلانے کیلئے حکومت، سڑکوں کی تعمیراتی کام میں تیزی لائے اربوں روپے خرچ کرنے کے باوجود لوگ عذاب میں مبتلا ہیں۔

## اسامہ پندرانی کی بحفاظت بازیابی یقینی بنائی جائے، نصراللہ بلوچ

### لاپتہ ہوئے سال گزر گیا، بھائی کی زندگی کے حوالے سے شدید خدشات ہیں، خلیل الرحمان

کوئٹہ (آن لائن) وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز کے چیئرمین نصراللہ بلوچ نے بیان میں کہا ہے کہ جبری لاپتہ اسامہ پندرانی کے کوائف لواحقین نے وی بی ایم کے پاس جمع کروا دیے خلیل الرحمن نے اپنے بھائی کی جبری گمشدگی کی تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ اداروں کے اہلکاروں نے انہیں 22 اگست 2023 میں جامعہ مسجد قلات سے حراست میں لیا اور مجھے کہا کہ اپنے بھائی اسامہ کو فون کرکے کہو کہ وہ جامعہ مسجد قلات آجائے میں نے بھائی کو فون کرکے بلایا اسامہ کے ساتھ میرا دوسرا بھائی بھی آگیا اور ہم تینوں بھائیوں کو گاڑی میں بیٹھا کر روانہ ہوئے کچھ دور جانے کے بعد ہم دو بھائیوں کو یہ کہہ کر چھوڑ دیا کہ اسامہ سے تفتیش کرنے کے بعد انہیں چھوڑ دینگے لیکن ایک سال گزرنے کے بعد بھی اسامہ کو نہیں چھوڑا گیا جسکی وجہ سے انہیں اسامہ کی زندگی کے حوالے سے شدید خدشات ہیں، نصراللہ بلوچ نے کہا کہ تنظیمی سطح پر لواحقین کو یقین دہانی کرائی گئی کہ اسامہ کے کیس کو حکومت، لاپتہ افراد کے حوالے سے بنائی گئی کمیشن اور اقوام متحدہ کے ورکنگ گروپ برائے جبری گمشدگی کو فراہم کیا جائے گا اور انکی باحفاظت بازیابی کے لیے ہر فورم پر آواز اٹھائی جائے گی نصراللہ بلوچ نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ اسامہ پندرانی کی طویل جبری گمشدگی کا نوٹس لے اور انکی باحفاظت بازیابی میں اپنا کردار ادا کرکے خاندان کو زندگی بھر کی کرب واذیت سے نجات دلائے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No 3

Dated: 06 NOV 2024

Page No. 17

## شنلیزہ اور بغاؤ میں تمام جعلی الاٹمنٹس منسوخ کی جائیں، پشتونخوانیپ

**پشتونخوا ایس او کے زونل ایگزیکٹو کا اجلاس، جنوبی پشتونخوا زون کی کارکردگی رپورٹ پیش کردی گئی**

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی بیان میں یونین کونسل علاقہ بغاؤ تحصیل سنجاوی میں آل پارٹیز کی جانب سے جرگے کے انعقاد کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے اُن کے مطالبات کی بھرپور حمایت کی گئی۔ بیان میں کہا گیا کہ مذکورہ بالا جرگے میں تمام پارٹیوں کے رہنماؤں، قبائلی معتبرین، علمائے کرام اور ہر مکتبہ فکر کے لوگوں نے شریک ہوکر علاقے میں امن وامان کی بحالی، عوام کے سرومال کے تحفظ اور سیکورٹی فورسز کی جانب سے عوام کو درپیش مشکلات اور نام نہاد جعلی دہشت گردی کے باعث جاری لاقانونیت کے خاتمے سمیت مختلف فیصلے کیے گئے جو برحق ہے۔ بیان میں علاقے میں سیکورٹی فورسز کی جانب سے ڈرون کیمروں کے استعمال کو ناقابل قبول قرار دیتے ہوئے اس ناروا عمل کی مذمت کی گئی اور مطالبہ کیا گیا کہ شنلیزہ اور بغاؤ کے مختلف مقامات پر لیویز کی اضافی چوکیاں قائم کی جائے اور غیر قانونی، جعلی الاٹمنٹ کو منسوخ کیا جائے، ژوب سے آنے اور جانے والے ٹرکوں کے ڈرائیوروں کی سیکورٹی فورسز کے اہلکاروں کی جانب سے تنگ کرنے کا سلسلہ بند کیا جائے، شنلیزہ تا فرشنگ تک نئے تعمیراتی سڑک کی تعمیر میں آنے والے آبادیوں، اور زمینوں کا معاوضہ ادا کیا جائے، ضلعی انتظامیہ کے سول اختیارات بحال کرکے ضلعی آفیسران عوام کے مطالبات تسلیم کریں اور سول انتظامیہ کے بغیر کسی بھی فرد اور علاقے کے خلاف سیکورٹی اداروں کی کاروائیوں پر پابندی لگائی جائے علاقے میں تمام بند اور غیر فعال سرکاری سکولوں اور ہسپتال کو فوری طور پر فعال کیا جائے جبکہ جرگے کے اعلامیہ میں ہر قسم کی دہشت گردی، بدامنی، لاقانونیت کو مسترد کرتے ہوئے آل پارٹیز پر مشتمل ایکشن کمیٹی تشکیل دی گئی ہے اور کہا گیا ہے کہ علاقے میں امن وامان قائم رکھنے کیلئے ہر سطح پر احتجاج کیا جائے گا۔

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے زونل ایگزیکٹو کا اجلاس پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکریٹری جنرل خورشید کاکاجی کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں مرکزی سینئر سیکریٹری سید عبدالقادر آغا، صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے، صوبائی سیکریٹری فقیر خوشحال کاسی اور پی ایس او کے زونل سیکریٹری لطیف خان کاکڑ اور زونل ایگزیکٹوز نے شرکت کی۔ اجلاس میں پشتونخوا ایس او جنوبی پشتونخوا زون کی گزشتہ کارکردگی کا رپورٹ پیش کیا اور اُن کی تنقیدی جائزہ لیا گیا اور بعد میں آئندہ کے لائحہ عمل کے حوالے سے فیصلے کیے گئے۔ اجلاس میں پشتونخوا ایس او کے زونل کانفرنس 28 نومبر 2024 بروز جمعرات کوئٹہ میں منعقد ہونے کا فیصلہ کیا گیا اس حوالے سے زونل ایگزیکٹو کی صوبائی کانفرنس کے انعقاد کے حوالے سے مختلف کمیٹیاں تشکیل دی گئیں جن میں رجسٹریشن کمیٹی، چیکنگ کمیٹی، پوسٹر و پینافلیکس لگانے کی کمیٹی اور جنوبی پشتونخوا کے تمام اضلاع کے تنظیمی دوروں کا شیڈول رکھا گیا۔ اجلاس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے پارٹی کے سیکریٹری جنرل خورشید کاکاجی نے کہا کہ پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے زونل کانفرنس کا انعقاد پشتونخوا وطن کے باشعور طالبعلموں جوانوں کیلئے سنگ میل ثابت ہوگا جبکہ پشتونخوا ایس او پشتونخوا وطن کا نمائندہ، قوم دوست، جمہوری و مترقی طلباء تنظیم ہے جس نے پشتونخوا وطن کے طلباء و طالبات اور جوانوں میں علم دوستی، تعلیم دوستی، قومی شعور اور مترقی نظریات کی پرچار، ماضی میں پشتونخوا ایس او نے قومی جمہوری تحریکوں میں فعال رول ادا کیا ہے اور پشتونخوا وطن کی قومی وحدت، قومی تشخص کی بحالی، قومی واک واختیار کی حصول اور قومی حق خودارادیت کیلئے شاندار جدوجہد کی ہے۔

INTEKHAB QUETTA

## جوڈیشل کمیشن کے اجلاس میں کوئی بینچ نہیں بنایا گیا، اختر حسین

**کوئی بھی آئینی بینچ کم از کم 5 ججوں پر مشتمل ہوگا، جوڈیشل کمیشن کے رکن کی بات چیت**

اسلام آباد (آن لائن) جوڈیشل کمیشن کے رکن اختر حسین نے کہا ہے کہ جوڈیشل کمیشن کے اجلاس میں کوئی بینچ نہیں بنایا گیا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے اختر حسین کا کہنا تھا کہ آئینی بینچ کیلئے 7 جج نامزد کیے گئے ہیں، جوڈیشل کمیشن کے اجلاس میں کوئی بینچ نہیں بنایا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ

بقیہ نمبر 61 صفحہ 5 پر

کوئی بھی آئینی بینچ کم از کم 5 ججوں پر مشتمل ہوگا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ چیف جسٹس، جسٹس منصور، جسٹس منیب اور پی ٹی آئی ارکان نے فل کورٹ کی تجویز دی ہے۔

# عوامی مسائل کا حل اولین ترجیح!

گزشتہ روز (ن) لیگ بلوچستان کے پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا ہے کہ بلوچستان کی ترقی وخوشحالی کے لیے اپنا کردار ادا کریں گے ۔وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبے کے روڈ اور بلڈنگ انفراسٹرکچر کو جدید خطوط پر استوار کئے جارہے ہیں تاکہ عوام کو ان سہولیات سے فائدہ ملے ۔عوامی مسائل کا حل اولین ترجیح ہے ۔عوام کو مایوس اوران کے اعتماد کو کسی صورت ٹھیس نہیں پہنچائیں گے ۔عوام سے کئے گئے وعدوں پر پورا اترنے کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائیں گے اور ان کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کئے جائیں گے ۔اس سلسلے میں کوئی کوتاہی وغفلت برتنے والوں کیخلاف بھرپور قانونی کاروائی کی جائے گی ۔ملک اور صوبہ اس وقت معاشی بحران سے گزر رہا ہے ملک کی ترقی کیلئے ملکر کام کرنا ہوگا ۔عوام کی فلاح و بہبود اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے انقلابی اقدامات اٹھائیں گے ۔عوام کے مسائل حل کرنا اور ترقیاتی کاموں کا جال بچھانا فرض سمجھتا ہوں۔

عوامی مسائل کا حل اولین ترجیح کے ہونے کے حوالے سے صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ کا مذکورہ بیان تو اس صورت میں صحیح ہوگا کہ جب اس کے لیے عملی اقدامات کئے جائیں کیونکہ ایسے وعدے اور دعوے ہر وقت کئے جاتے ہیں لیکن یہ صرف اخباری بیانات تک ہی محدود رہتے ہیں کیونکہ ان وعدوں اور دعوؤں کو عملی جامہ نہیں پہنایا جاتا ہے۔ یہ بات حقیقت پر مبنی ہے کہ اس وقت عوام کو بڑے مسائل کا سامنا ہے جس کے باعث اس کے لیے زندگی گذارنا مشکل ہو رہا ہے ۔ایک جانب حکومتی وزراء اس طرح کے بیانات جاری کر رہے ہیں جبکہ دوسری طرف عوام کے مسائل کم ہونے کی بجائے روز بروز بڑھتے جارہے ہیں ۔ان میں بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی، مہنگائی، سرکاری ہسپتالوں میں علاج کا فقدان ،ایک عرصے سے کوئٹہ میں بلدیاتی اداروں کا قائم نہ ہونا ،کوئٹہ شہر کی اکثر سڑکوں کی خستہ حالی، ناجائز تجاوزات کی بھرمار، بدترین ٹریفک کا جام ہونا اور جاری تعمیراتی منصوبوں میں تاخیر جیسے دیگر مسائل شامل ہیں۔

ہم سمجھتے ہیں کہ صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ جو (ن) لیگ بلوچستان کے پارلیمانی لیڈر بھی ہیں کو اپنے مذکورہ بیان کو عملی جامہ پہنانے کے لیے وفاقی حکومت سے بھی سپورٹ حاصل کرنی چاہیے کیونکہ وہاں بھی مسلم لیگ (ن) کی حکومت ہے ۔بلوچستان کے تمام مسائل کے حل کرنے میں وفاقی حکومت کو اپنا حصہ ڈالنا چاہیے اور یہ کام صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ بخوبی کروا سکتے ہیں ۔اس طرح وہ عوام سے کئے وعدے بھی پورے کرسکیں گے ۔اور عوام نے ان کو منتخب کر کے جو اسمبلی میں بھیجا ہے وہ ان کے معیار پر پورا اتریں گے کیونکہ یہ صوبے اور عوام کے بہترین مفاد میں ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

# امن وامان کی ناقص صورتحال کے باوجود بگٹی حکومت ترقی اور خوشحالی کیلئے پرعزم



کوئٹہ سے رضا الرحمان کا تجزیہ

بلوچستان میں امن وامان کی بگڑتی ہوئی صورتحال کے باوجود بگٹی حکومت صوبے وعوام کی ترقی وخوشحالی کے لئے پرعزم، 6 ماہ کے دوران بڑے منصوبوں کے آغاز سے حکومت کی ڈگمگاتی کشتی کو کنارے تک پہنچانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ بگٹی حکومت کے ان بڑے منصوبوں میں بیرون ملک طلباء وطالبات کو سکالرشپ کے تحت اعلیٰ تعلیم کے حصول، بے روزگار نوجوانوں کو فنی تعلیم سے آراستہ کر کے بیرون ممالک روزگار کی فراہمی، صوبے کے زمینداروں وکسانوں کے لئے 28 ہزار زرعی ٹیوب ویلز کی شمسی توانائی پر منتقلی اور صوبائی دارالحکومت کوئٹہ اور تفتان میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت 2 بڑے منصوبے آئی ٹی پارک کا قیام، انڈر گراؤنڈ پارکنگ پلازہ اور ایل پی جی ٹیکنیکل لیبارٹری تفتان کا قیام شامل ہے۔ صوبائی حکومت آئی ٹی پارک میں ایک ہزار نوجوانوں کو ہنرمند بنا کر روزگار کی فراہمی کا ارادہ رکھتی ہے جو کہ ایک خوش آئند بات ہے، اسی طرح کوئٹہ ڈیجیٹل پارکنگ کی سہولت کی فراہمی سے شہر میں ٹریفک کے مسائل میں کافی حد تک کمی واقع ہوگی، اس سے قبل صوبائی حکومت نے ایک معاہدے کے ذریعے کوئٹہ شہر میں صفائی ستھرائی اور گند اٹھانے کا پرائیویٹ کمپنی کو ٹھیکہ دے چکی ہے جس پر کافی تنقید بھی ہورہی ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا کہنا ہے کہ ان کی حکومت گڈ گورننس کے قیام اور صوبے کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کے لئے پرامید ہے، انہوں نے مائننگ کی رکاوٹوں کو ختم کرتے ہوئے صوبے کے نوجوانوں کو روزگار دینے کے لئے ہر ڈویژن میں آئی ٹی پارک بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ اسی طرح بلوچستان میں وفاقی حکومت کے تعاون سے 28 ہزار زرعی ٹیوب ویلز کو شمسی توانائی پر منتقلی سے زراعت کے شعبے میں انقلاب برپا ہوگا اور زمینداروں وکسانوں کو درپیش مسائل میں کمی واقع ہوگی۔

گورنر بلوچستان شیخ جعفر مندوخیل بھی صوبے اور عوام کی ترقی وخوشحالی اور گڈ گورننس کے قیام کے لئے بگٹی حکومت کے ساتھ جڑے ہوئے ہیں کیونکہ صوبے میں پی پی پی اور ن لیگ کی مخلوط حکومت ہے، گورنر مندوخیل بگٹی حکومت کے ہاتھ مضبوط کرنے کے لئے سرگرم ہیں، حال ہی میں ان کی ذاتی کاوشوں سے تفتان بارڈر کا مسئلہ کافی عرصے بعد حل ہوا، گورنر مندوخیل نے بلوچستان میں سرحدی تجارت کے معاملے پر متعدد مرتبہ وفاق اور صوبے کی سطح پر تمام متعلقہ حکام سے رابطے کئے اور بالآخر وہ تفتان کے مقام پر پاک ایران بارڈر کو 45 ایام کے لئے کھلوانے میں کامیاب ہوگئے۔ سیاسی مبصرین کے مطابق بلوچستان میں پی پی پی اور ن لیگ کی مخلوط حکومت قائم ہے، ترقی وخوشحالی کی باتیں ہر دور میں حکومتیں کرتی آئی ہیں، پی پی پی اور ن لیگ کے علاوہ بلوچستان عوامی پارٹی بھی اس مخلوط حکومت کا حصہ ہے اور یہ جماعتیں بشمول اپوزیشن کی بڑی جماعت جمعیت علماء اسلام (ف) مشترکہ پارٹی صوبے میں اقتدار میں رہی ہیں اور یہ بات کہی جاتی رہی ہے کہ ترقی امن سے وابستہ ہے امن نہیں ہوگا تو صوبہ ترقی نہیں کرسکتا؟

گزشتہ دنوں ضلع مستونگ میں دلخراش واقعہ نے نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے ملک کی فضاء کو سوگوار کردیا۔ ایک بم دھماکے میں معصوم سکول کے بچوں کی شہادت نے سب کو ہلا کر رکھ دیا۔ اس سے قبل ایسا ہی ایک افسوسناک اور دلخراش واقعہ پشاور کے سکول میں پیش آیا جسے آج تک نہیں بھلایا جاسکا، مستونگ میں اس افسوسناک واقعہ جس میں بے گناہ اور معصوم پھولوں کو مسل دیا گیا، تاریخ کا ایک ایسا باب بن گیا ہے جسے صدیوں میں بھی نہیں بھلایا جاسکے گا، حکومت کو ایسے واقعات کے تدارک کے لئے اپنی سکیورٹی کی حکمت عملی پر نظرثانی کرنی چاہیے کیونکہ عوام کو تحفظ فراہم کرنا اسٹیٹ کا فرض ہے صوبائی حکومت جہاں صوبے اور عوام کی ترقی وخوشحالی کیلئے منصوبہ بندی کر رہی ہے وہیں اسے صوبے میں قیام امن کے لئے موثر وعملی اقدامات اٹھانے ہوں گے اور صوبے میں قیام امن کے لئے تمام اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لینا ہوگا۔ بلوچستان اسمبلی کی مجلس قائمہ برائے کان کنی ومعدنی وسائل وترقی نے یہ مطالبہ کیا ہے کہ وفاقی حکومت صوبے کی غربت کو مدنظر رکھتے ہوئے ریکوڈک سے 25 فیصد آمدن بلوچستان کے غریب لوگوں کے لئے مختص کرے، بلوچستان اسمبلی کی مجلس قائمہ کے ارکان نے 18 ویں ترمیم کا حوالہ دیتے ہوئے یہ سوال اٹھایا ہے کہ آئین صوبوں کو اپنے وسائل کا انتظام کرنے کا اختیار دیتا ہے اور متعلقہ محکمہ اس پر کام کرنے اور غیرملکی سرمایہ کاروں سے خود بات کرے، سیاسی مبصرین کے مطابق ریکوڈک منصوبے کے شیئرز غیرملکی کمپنی، وفاقی اور بلوچستان حکومتوں کے درمیان مساوی طور پر تقسیم کئے گئے ہیں جس میں بلوچستان حکومت کو آمدن کا 25 فیصد وصول ہوگا جبکہ غیرملکی سرمایہ کار صوبائی حکومت کو نظر انداز کر کے براہ راست وفاقی حکومت سے بات چیت کرتے ہیں۔ ان







سیاسی مبصرین کے مطابق یہ بھی شنید میں آیا ہے کہ وفاقی حکومت نے بلوچستان کی موجودہ حکومت سے اپنے 25 فیصد شیئرز میں کمی کی تجویز دی، تاہم موجودہ صوبائی حکومت کے سربراہ وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی نے اس تجویز کو یکسر مسترد کرتے ہوئے موقف اختیار کیا ہے کہ وہ صوبے اور یہاں کے عوام کے بہتر مفاد میں اس شیئرز میں اضافے کی بات کرنے کو تو تیار ہیں لیکن اس شیئرز میں کمی کے لئے ایسی کسی بھی تجویز کی حمایت نہیں کریں گے۔ وزیراعلیٰ بگٹی کے دوٹوک موقف کے بعد وفاق کے ایوانوں میں اس حوالے سے خاموشی چھا گئی تاہم بلوچستان اسمبلی کی مجلس قائمہ کے اس مطالبے کو وفاقی حکومت کس حد تک تسلیم کرتی ہے؟ یہ کہنا ابھی قبل از وقت ہے۔ ●

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

اعلیٰ تعلقات عامہ
ومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. ______

Dated: 06 NOV 2024 Pag



کوئٹہ،صوبائی وزیرسردار عبدالرحمان کھیتران سے صوبائی وزیرنور محمد دمڑ ملاقات کررہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



صوبائی وزیرآبپاشی میر صادق عمرانی سے مختلف وفود ملاقات کررہے ہیں



کوئٹہ،صوبائی وزیرحاجی علی مدد جتک سے کوئٹہ مارکیٹ کمیٹی کے چیئرمین میر شیر احمد کرد اور ڈائریکٹر مارکیٹنگ سید عبدالستار شاہ ملاقات کررہے ہیں



صوبائی وزیرخوراک حاجی نور محمد دمڑ لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں